احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

# احکامِ شریعت

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز

۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

نام کتاب ——— احکام شریعت (مکمل تین حصے)

نام مصنف ——— اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی

ترجمہ عربی ——— محمد اول قادری چشتی

دیباچہ سوانح مصنف ——— عالم فقری

تعداد طبع اوّل ——— ایک ہزار

سال طباعت ——— ۱۹۸۴ء

زیر نگرانی ——— جناب حاجی انور اختر صاحب

ناشر ——— شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

قیمت ——— /۵۷ روپے

مطبوعہ ——— خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

هذا هو التحقيق الذی عولنا علیہ لظهور وجهہ ولكونہ احوط وان كان الكلام فی المسئلۃ طویل الذیل ذکر بعضہ فی رد المحتار آخر الانجاس و آخر الکتب وفیہ عن البرهان ولا یخفی منہ انہ لا یتیقن بانہ مجرد نداوۃ الا اذا کان النجس الرطب هو الذی لا یتقاطر بعصرہ اذ یمکن ان یصیب الثوب الجاف قدر کثیر من النجاسۃ ولا ینبع منہ شئ بعصرہ کما هو مشاهد عند البدایۃ بغسلہ الخ وفیہ عن الامام الزیلعی لانہ اذا لم یتقاطر منہ بالعصر لا ینفصل منہ شئ وانما یتبل ما یجاورہ بالنداوۃ وبذلک لا ینجس الخ وعن الخانیۃ اذا غسل رجلہ فمشی علی ارض نجسۃ بغیر مکعب فابتل الارض من بلل رجلہ و اسود وجہ الارض لکن لم یظهر اثر بلل الارض فی رجلہ فصلی جازت صلاتہ و ان کان بلل الماء فی رجلہ کثیرا حتی ابتل وجہ الارض وصار طینا ثم اصاب الطین رجلہ لا تجوز صلاتہ الخ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

## مسئلہ ۲۴۱: مردہ جانوروں کی ہڈی کا پاک ہونا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ہڈی مردار جانور کی پاک ہے یا ناپاک ہے کیونکہ سینگ تو ہر جانور کا پاک ہے اگر مسواک میں ہڈی ہاتھی دانت کی ہو کیسی ہے۔ بینوا توجروا۔

## الجواب

ہڈی ہر جانور کی پاک ہے حلال ہو یا حرام مذبوح ہو یا مُردار جبکہ اُس پر بدن میتہ کی کوئی رطوبت نہ ہو سوا سوئر کے کہ اُس کی ہر چیز ناپاک ہے۔ مسواک میں ہاتھی دانت کی ہڈی ہو تو کچھ حرج نہیں ہاں اُس کا ترک بہتر ہے لمحل خلاف محمد فانہ قائل بنجاسۃ عینیۃ کالخنزیر کما فی فتح القدیر ورد المحتار وغیرهما ورعایۃ الخلاف مستحبۃ بالاجماع۔

درمختار میں ہے:

شعر المیتۃ غیر الخنزیر وعظمها طاهر اھ ملخصا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔